www.apteachers.in

مجموعی جانچ - نمونہ پرچہ سوالات

جنرل سائنس (G. Science)

جماعت ششم (VI) وقت : ....

نام طالب علم:

جماعت : .... سکشن .... رول نمبر: ....

I	II	III	IV	V	VI	نشانات	گریڈ

الف۔ **تصورات کی تفہیم:۔**

1۔ ذیل میں دیئے گئے چند تبدیلیوں سے جو عارضی یا مستقل ہیں وجوہات بتلاتے ہوئے وضاحت کیجئے؟

a) برف کے ٹکڑے کا پانی میں تبدیل ہونا b) دودھ کا دہی میں تبدیل ہونا

c) لوہے کا زنگ لگنا d) پکا ہوا کھانا e) گھی کا انجماد (گھٹ ہونا)

2۔ اشیاء کو علاحدہ کرنے کی فہرست لکھئے؟ ان میں سے کوئی دو طریقوں کو مثالوں کے ذریعہ سمجھایئے؟

3۔ سیلاب کے آنے سے کون کونسے نقصانات رونما ہوتے ہیں؟ ایسے موقع پر ہمیں کیا احتیاطی اقدامات کرنے چاہئے؟ وضاحت کیجئے؟

ب۔ **حسب ذیل سوالات کے جوابات لکھئے؟** $2\times5=10$

4۔ شفاف، نیم شفاف اور غیر شفاف اشیاء سے کیا مراد ہے؟ انکی مثال دیجئے؟

5۔ ذیل میں دیئے گئے جانوروں کے درمیان غذائی زنجیر تیار کیجئے؟

چوہا	بلی	ببر
گھاس	ہرن	لومڑی
کتا	شیر	مرغی
بھیڑیا	انسان	کیڑے (حشرات)

ج۔ **ایک لفظ میں جواب لکھئے؟** $5\times\frac{1}{2}=2\frac{1}{2}$

6۔ بالوں میں کنگھی کرنے کے دوران ہاتھ کے کونسے جوڑ کام کرتے ہیں؟

7۔ مختلف رنگوں کو علحدہ کرنے کے طریقوں کو کیا کہتے ہیں؟

8۔ آلو پودے کا کونسا حصہ ہے؟

9۔ دھان کے پودے میں کس قسم کے جڑ کا نظام پایا جاتا ہے؟

10۔ املی اور لیموے سے متعلق شئے پر ظاہر ہونے والا عمل کیا کہلاتا ہے؟

www.apteachers.in

د۔ $5\times \frac{1}{2}=2\frac{1}{2}$

11۔ خشک برقی خانہ ( ) a) برقی موصل
12۔ سیفٹی پن ( ) b) سوئچ
13۔ پنسل ( ) c) فلامنٹ
14۔ بلب کا روشن ہونا ( ) d) حاجز(Insulator)
15۔ تانبے کا تار ( ) e) برقی روکا ذریعہ

ھ۔ $5\times \frac{1}{2}=2\frac{1}{2}$

16۔ طویل فاصلوں کی پیمائش کے لیے __________ اکائی استعمال کرتے ہیں۔
17۔ حرکت کے دوران __________ کے سکڑنے کی وجہ سے ہڈیاں کھینچی جاتی ہیں۔
18۔ سانپ کو حرکت کرنے میں مدد دینے والا جسم کا حصہ __________ ہے۔
19۔ مقناطیسی اشیاء کے طور پر استعمال کی جانیوالی شئے __________ ہے۔
20۔ بوجھ لگی روٹی پر نشو ونما پانیوالے ریشے نما ساختوں کو __________ کہتے ہیں۔

و۔ $5\times \frac{1}{2}=2\frac{1}{2}$

21۔ سمندری پانی کا مزہ کیسا ہوتا ہے ( )
a) میٹھا b) نمکین c) کڑوا d) بے مزہ
22۔ بلب اسکی وجہ سے روشن ہوتا ہے ( )
a) تانبے کا تار b) فلامنٹ c) برقیرے d) شئے کا خول
23۔ ذیل میں جاندار ہونے کے باوجود بے جان کی خصوصیت ظاہر کرنے والے ( )
a) کتا b) ہاتھی c) پودا d) کیڑے
24۔ بادل _____ سے _____ کی جانب سفر کے دوران بارش برساتے ہیں ( )
a) زمین، آسمان b) آسمان، زمیں c) زمین، سمندر d) سمندر، زمین
25۔ چینی مٹی سے تیار ہونیوالے شئے ( )
a) کپڑے b) تھیلیاں c) جوتے d) پیالیاں

II۔ سوالات کرنا، مفروضہ قائم کرنا

26۔ آپ کپڑے خریدنے کے لیے کپڑوں کے دکاندار سے کون کونسے پوچھوگے؟
27۔ ہاتھ میں ربر کے دستانے پہن کر اسٹریٹ لائٹس کو دُرست کرنے والے شخص کو دیکھنے کے بعد رحمت کے دماغ میں کئی شکوک وشبہات پیدا ہوئے وہ کیا ہونگے غور کیجئے۔ لکھئے؟

III۔ تجربات اور حلقہ عمل کے مشاہدات

28۔ پودے جڑوں کے ذریعے پانی کو جذب کرتے ہیں اس عمل کو ثابت کرنے کے لیے آپ نے کونسا تجربہ منعقد کیا ہے اس تجربے کو انعقاد کرنے کے لیے کونسا طریقہ اپنایا گیا اور کون سی احتیاطی تدابیر اپنائے تھے؟

www.apteachers.in

یا

اگرآپ کوایک گراف پیپراورایک پتے کودینے پرآپ انہیں استعمال کرتے ہوئے پتہ کا رقبہ کس طرح معلوم کروگے؟اوراس کے لیےآپ نے جوطریقہ اپنایا ہےاس کی وضاحت کیجئے؟

IV۔ معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں/منصوبہ کام۔

29۔ حسب ذیل جدول کا مشاہدہ کرتے ہوئے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے؟

مقام	مہینہ	درجہ حرارت کم ازکم	درجہ حرارات زیادہ سے زیادہ	بارش کی مقدار	طلوع آفتاب	غروب آفتاب
چلکور	جنوری	20c	27c	2.41mm	6.50	17.12
	اپریل	37c	43c	0.02mm	6.11	4.41
	اگست	23c	33c	40.12mm	6.37	17.37

1۔ کس مہینے میں سب سے زیادہ بارش درج کی گئی؟

2۔ اگست کے مہینے میں کونسا موسم ہوتا ہے؟اپنے جواب کی تائیدآپ کس طرح کرینگے؟

3۔ کس مہینے میں دن کا وقت زیادہ ہے؟ وجوہات بتلائیے؟

4۔ جنوری تا اگست مہینوں کے درمیان آپ نے کن کن تبدیلیوں کا مشاہدہ کیا؟

5۔ اپریل کے مہینے میں سب سے کم بارش کیوں برستی ہے؟

30۔ سمیر کے اسکول میں کھیل کا میدان بہت بڑا ہےاس کا رقبہ کتنا ہےمعلوم کرنا چاہتا ہے۔اسکے لیے

1۔ کن کن سے ملاقات کرنا چاہیئے؟

2۔ پیمائش کرنے کے لیئے کونسےآلات چاہیئے؟

3۔ اس کام کوانجام دینے والےافرادکوکیا کہتے ہیں؟

4۔ تفصیلات درج کرنے کے لیےضروری جدول تیار کیجئے؟

5۔ زرعی کھیتوں کی پیمائش کے لیےاستعمال ہونے والی پیمائشی اکائیاں کونسی ہیں؟

V۔

31۔ پتے کی شکل اُتارکراسکےحصوں کے نام لکھئے؟پتوں میں پائے جانے والے دہن کےافعال کیا ہیں لکھئے؟

32۔ مختلف ساختوں والی مقناطیس کی اشکال اتاریئے انہیں کہاں کہاں پراستعمال کیا جانا چاہیئے لکھئے؟

VI۔

33۔ پانی کوضائع مت کیجئےعنوان کے تحت ایک پمفلٹ تیارکیجئے۔

34۔ پروینا جام کے پیڑ پرجام کھاتی ہوئی گلہری کو مار بھگانا نہیں چاہتی۔کیوں؟ وہ کیا سمجھتی ہے لکھیے؟

35۔ آپ کی ماں کی جانب سے باورچی خانے میں پکوان جلد مکمل کرنے کی خاطر برقی (Current) کواستعمال کرنے کے مختلف مواقعوں کولکھئے۔ان میں سے کسی ایک آلے کوکس طرح استعمال کیا جاتا ہے لکھیئے؟

www.apteachers.in

مجموعی جانچ - نمونہ پرچہ سوالات

جنزل سائنس (G. Science)

جماعت ہفتم (VII) وقت : ....

نام طالب علم: جماعت: ....سکشن..................رول نمبر:..........................

I	II	III	IV	V	VI	نشانات	گریڈ

(الف) حسب ذیل میں کسی دو کے تفصیلی جوابات لکھئے۔

1۔ ریشم کے کپڑوں کی تیاری کے مختلف مراحل کو فلو چارٹ کی شکل میں لکھئے۔ان سے متعلق وضاحت کیجئے ؟

2۔ جانی اور سونی نے چار بلب کو روشن کیئے تو اس میں سے ایک بلب جل گیا تو ماباقی بلب روشن رہے تو انہوں نے کونسے طریقے کو استعمال کیا ہے تفصیلی وضاحت کیجئے ؟

3۔ آلودہ پانی کو خالص یا صاف کرنے کے عمل میں پائے جانے والے مختلف مراحل کونسے ہیں انکی وضاحت کیجئے ؟

(ب) حسب ذیل سوالات کے جوابات لکھئے۔

4۔ اگر آپ کے رہائشی علاقے میں طوفان آجائے تو آپ اپنے اطراف بسنے والے لوگوں کی کس طرح مدد کرینگے؟

5۔ سڑے گلے نباتی مادے اور جانوروں کے فضلے کسطرح زمین کی زرخیزی میں اضافہ کرنے میں مددگار ہوتے ہیں بتلایئے؟

یا

فرق لکھئے (a) یک صنفی پھول، دوصنفی پھول (b) نر پھول۔ مادّہ پھول

ج۔ صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔

6۔ پودوں میں ضیائی تالیف کے عمل کے دوران تنفس کے لیے مفید شئے ( )

a) کاربن ڈائی آکسائیڈ b) پانی c) روشنی کی کرن d) آکسیجن

7۔ برقی دور میں حفاظتی آلے کے طور پر استعمال کیجانے والی ( )

a) بلب b) بیاٹری c) سوئچ d) فیوز

8۔ رحیم ربر کو دو انگلیوں سے کھینچ کر چھوڑ دیتا ہے یہ کونسی تبدیلی/تغیر ہے ( )

a) طبعی تبدیلی/تغیر b) کیمیائی تغیر/تبدیلی c) یہ دونوں d) کوئی تبدیلی نہیں

9۔ ترشئی خاصیت کے حامل کونسی شئے کو ہم استعمال کرتے ہیں ( )

a) لیموں رس b) کھانے کا سوڈا c) چونے کا پانی d) صابن کا پانی

10۔ حسب ذیل میں کونسا جانور اپنے جلد اور پھیپھڑوں کی مدد سے سانس لیتا ہے ( )

a) مچھلی b) مینڈک c) سانپ d) کچھوا

د۔ خالی جگہوں کو پُر کرو۔

11۔ وینگیر کی بوتل پر اسکا کیمیائی نام_______ لکھا ہوا ہوتا ہے

12۔ گھاس پھوس کے پودے مٹی سے جڑے رہنے کی وجہ_______ ہے

13۔ آپ کے جسم کی تپش میں تبدیلی آئی ہے یا نہیں شناخت کرنے کے لیے آپ_____ کو استعمال کرکے آسانی سے معلوم کرسکتے ہیں۔

www.apteachers.in

14۔ ایک لڑکی سیکل کے پیڈل کو ہاتھ سے گھماتی ہے تب سیکل کے پہیہ میں ________ حرکت ہوتی ہے

15۔ حشرات کا پھولوں کے اوپر بیٹھنے سے پھولوں کو ہونے والا فائدہ ____________

16۔ پہلی سطر میں موجود الفاظ' دوسری سطر میں موجود الفاظ کے ساتھ مربوط ہیں نشاندہی کیجئے۔ وجوہات لکھئے؟ $5\times \frac{1}{2}=2\frac{1}{2}$

پہلی سطر = زیرہ دانے' بیضہ' پتے' آنکھیں' کرائب

دوسری سطر = آلو' گنا' بیضدان' زرایئے' شاخ

17۔ برقی آلات کی علامتیں کھینچئے۔ $5\times \frac{1}{2}=2\frac{1}{2}$

خشک برقی خانہ' فیوز' برقی بلب' کھلا سوئچ' روشن بلب

II۔ $2\times 5=10$

18۔ طوفان کے متاثرہ اثرات معلومات حاصل کرنے کے لیے کوئی پانچ سوالات تیار کیجئے۔

19۔ ہم جانتے ہیں کہ بعض پودے اور جانور زیر آب زندگی گذارتے ہیں۔ اگر آبی ذرائعوں میں آب کی سطح میں کمی آجائے تو پودوں اور جانوروں کو درپیش مسائل کیا ہونگے سوچیئے اور لکھئے۔

III۔

20۔ مونگ پھلی کے بیجوں میں کس قسم کے مقویہ غذائی اجزاء پائے جاتے ہیں انکا تعین کرنے کے لیے کس قسم کا ٹسٹ کرنا چاہیئے اس کے لیے کون کونسی چیزیں درکار ہیں اسے کیسے کرنا چاہیئے لکھئے۔

یا

وندنا ایک کارڈیواسکوپ تیار کرنا چاہتی ہے اسی تیاری کے لیے کون کونسی اشیاء درکار ہیں کارڈیواسکوپ کی تیاری کے لیے آپ وندنا کو کونسی تجاویز دینگے ترتیب وار لکھئے۔

IV۔

21۔ اگست تا ڈسمبر تک انت گیری میں درج کی گئی بارش کی تفصیلات گراف کی شکل میں ظاہر کی گئی ہیں اسکا مشاہدہ کرتے ہوئے آپ نے کیا نوٹ کیا ہے کی بنیاد پر ایک رپورٹ تیار کیجئے۔



www.apteachers.in

22۔ نوری چاہتی ہے کہ وہ ہماری ریاست میں موجود جنگلات سے متعلق ایک رپورٹ تیار کرے اس کے لیئے کون کونسی تفصیلات حاصل کرنی ہوگی فہرست بنایئے۔معلومات درج کرنے کے لیے جدول تیار کیجئے۔ $1\times5=5$

23۔ دھتورے کے پھول کے طول کی طولی تراش کی شکل اتار کر نامزد کیجئے؟ نرکوٹ کی ساخت میں آپ کے مشاہدہ کئے گئے خصوصیات لکھئے۔ $2\times5=10$

24۔ کسی مقام کے اقل ترین اور اعظم ترین درجہ حرارت کو معلوم کرنے کے لیے ہم کسی آلے کا استعمال کرتے ہیں اسکی شکل اتار کر اسمیں موجود اشاروں کی حرکت کی اہم وجوہات کیا ہیں لکھئے۔

VI۔ $3\times5=15$

25۔ سُدھیر اس کے گھر میں موجود پیتل اور تانبے کے برتنوں کو صاف اور چمکدار بنانا چاہتا ہے اسکو رامو نے کیا صلاح دی لکھئے؟

26۔ پانی کو ضائع ہونے سے بچانے کے عنوان پر کوئی پانچ نعرے لکھئے۔

27۔ حسب ذیل سوالات کے جوابات ایک سطر میں لکھئے۔

سوال 1۔ لوہے کے گیٹ کے زنگ لگنے سے بچانے کے لیے آپ کیا کرینگے؟

سوال 2۔ ریشم کے کیڑے سے خوبصورت ریشم کا دھاگہ نکلنے کو آپ کس طرح ستائش کرینگے؟

سوال 3۔ گیتا نے کہا کہ اگر کرنٹ نہ ہو تو دنیا رک جائیگی آپ اسکی کس طرح تائید کرینگے؟

سوال 4۔ گوتمی طبی تپش پیا سے پانی کے درجہ حرارت کی پیمائش نہیں کرنا چاہئے کہتی ہے کیوں وجہ بتلایئے؟

سوال 5۔ آپ کے گھر پکائی جانے والی غذا میں ریشے دار غذائی اجزاء مناسب مقدار میں ہونے چاہیئے اس کے لیے آپ اپنی ماں کو کیا تجاویز/صلاح دینگے؟

☆☆☆

www.apteachers.in

مجموعی جانچ -نمونہ پرچہ سوالات - 2

طبیعات (Physics)

جماعت ہشتم(VIII) وقت : ....

نام طالب علم:.................................جماعت :............ سکشن............رول نمبر:.......................

I	II	III	IV	V	VI	VII	نشانات	گریڈ

I. تصورات کا فہم

الف) حسب ذیل میں سے کسی دو سوالات کے تفصیلی جواب لکھیے۔ 2X10=20

1. ہم جانتے ہیں کہ دھاتوں سے تار بنا سکتے ہیں! ایسے ہی دھاتوں میں پائے جانے والے کیمیائی خواص کی مثالوں کے ذریعہ وضاحت کیجیے۔

2. آپ کے علاقے میں صوتی آلودگی پھیلانے والے نکات کون سے ہیں؟ اس کی وجہ سے آپ کے علاقے میں بسنے والے لوگ کس قسم کی تکالیف اور نقصانات کا سامنا کر رہے ہیں؟ اس کی روک تھام کے لیے آپ کیا تجاویز پیش کریں گے؟ لکھیے؟

3. رنگیّا اپنے مویشیوں کو چرا رہا تھا۔ اچانک اس نے آسمان پر چھائے گھنے بادل اور بجلیوں کی گرج چمک کو دیکھا اور گرج سنا۔ آپ بتلائیے کہ یہ کس طرح واقع ہوتی ہیں؟ اس موقع پر رنگیّا کو کس طرح کی احتیاط برتنا چاہیے؟

ب) حسب ذیل سوالات کے جواب لکھیے۔ 2x5=10

4. ''جاوید کا ماننا ہے کہ انسانوں کے لیے ''رگڑ'' جتنی فائدہ مند ہے اتنی ہی نقصان دہ ہے'' آپ جاوید کی کسطرح تائید کرینگے؟

5. آپ نے نظام شمسی سے متعلق معلومات حاصل کی ہیں۔ اس سے متعلق ایک مضمون لکھنے کے لیے آپ کے منتخب کوئی پانچ اہم نکات بتلائیے اور ان کی وضاحت کیجیے۔

ج) حسب ذیل سوالات کے ایک جملہ میں جواب لکھیے۔ 5x1=5

6. زہرہ (Venus) کو صبح کا تارہ (Morning Star) کیوں کہا جاتا ہے؟

7. کاپر سلفیٹ میں سے برقی روگزاری جائے تو کیا ہوگا؟

8. آپ کی نظر میں صوتی آلودگی کی اہم وجہ کیا ہے؟

9. ٹوتھ پیسٹ ٹیوب کو دبانے، مقناطیسی سوئی پر اثر انداز ہونے ولی سلاخی مقناطیس میں پائے جانے والی قوت کا آپ نے مشاہدہ کیا ہے۔ ان دونوں کے درمیان آپ نے کیا فرق محسوس کیا ہے بتلائیے؟

www.apteachers.in

10. Rapid Combustion سے کیا مراد ہے؟

د) **خالی جگہوں کو موزوں جوابات کے ذریعہ پُر کیجیے۔** $5 \times \frac{1}{2} = 2\frac{1}{2}$

11. مصنوعی دھاگوں کو..............................اشیاء کی مدد سے تیار کرتے ہیں۔

12. مشین میں رگڑ کی قوت کو کم کرنے کے لیے..............................کا استعمال کیا جاتا ہے۔

13. جلتی ہوئی تیلی کو استوانے کے منہہ کے قریب رکھنے پر ٹھپ کی آواز آئی۔ وہ..................گیس ہوسکتی ہے۔

14. آسمان سے زمین کی فضاء میں داخل ہونے والے چھوٹے چھوٹے فلکی اجسام کو..................کہا جاتا ہے۔

15. سسموگراف کا استعمال کرکے..........................کے شدت کی پیمائش کی جاتی ہے۔

ھ) **حسب ذیل سوالات کے مناسب جواب کی نشاندہی کیجیے۔** $5 \times \frac{1}{2} = 2\frac{1}{2}$

16. حسب ذیل میں کس شئے کو رگڑنے کے بعد اس میں اکساہٹ نہیں پیدا ہوتی۔ (   )

(i) پلاسٹک اسکیل (ii) تانبے کا تار (iii) ہوا بھرا ہوا غبارہ (iv) لکڑی کا ٹکڑا

17. ریان کس شئے سے تیار ہوتا ہے۔ (   )

(i) معدنی کوئلہ (ii) آکسیجن (iii) نائٹروجن (iv) سیلولوز

18. معدنی کوئلہ میں اہم عنصر ہے۔ (   )

(i) کاربن (ii) آکسیجن (iii) ہوا (iv) پانی

19. حسب ذیل میں موصل برق ہے۔ (   )

(i) کشیدہ (Distilled) پانی (ii) میٹھا پانی (iii) کھوپرے کا تیل (iv) کرومین

20. حسب ذیل میں غیر موصل حرارت و برق شئے ہے۔ (   )

(i) لوہا (ii) زنک (Zinc) (iii) تانبا (iv) سوڈیم

II. سوال کرنا - مفروضہ قائم کرنا

21. اگلے زمانے میں زیر زمین موجود ایندھن ختم ہوجائیں گے تب انسانی زندگی کیسی ہوگی تصور کیجیے اور لکھیے۔

22. دیپک کو کرکٹ کی پچ پر حرکت کررہے رولر پر عمل کرنے والی مختلف قوتوں سے متعلق شکوک وشبہات لاحق ہوئے ہیں۔ اگر آپ دیپک کی جگہ ہوتو آپ کو کون سے شکوک لاحق ہوں گے تصور کیجیے اور لکھیے۔

III. تجربات - حلقہ عمل کے مشاہدات

23. آپ کے اسکول میں منعقد کیے جانے والے یوم سائنس کے موقع پر آپ کو برقی خانہ تیار کر کے مظاہرہ کرنے کا موقع ملا ہے۔ اس کی تیاری کے لیے آپ کون کون سی اشیاء کو حاصل کریں گے اور اسے کس طرح تیار کریں گے وضاحت کے ساتھ لکھیے۔

www.apteachers.in

(یا)

ستاروں، سیاروں کی حرکت کا مشاہدہ کرنے کے لیے اپنائے جانے والا طریقہ کون سا ہے؟ ان کے مشاہدے کے دوران کون کونسی احتیاطی اقدامات کرنے چاہیے؟

IV. معلومات اکٹھا کرنا - منصوبہ کام **1X10=10**

24. مختلف ایندھنوں کی کیلوروفک قدروں کو ظاہر کرنے والے جدول کو مشاہدہ کرتے ہوئے متعلقہ سوالات کے جواب لکھیے۔

(ایندھنوں کی کلیوروفک قدریں، کلوجول/کلوگرام، اکائیوں میں موجود ہیں)

سلسلہ نمبر	ایندھن	توانائی کی مقدار (کیلوروفک قدر)(KJ/Kg)
1	اپلیاں (مویشیوں کے گوبر سے بنے)	6000-8000
2	لکڑی	17000 - 22000
3	معدنی کوئلہ	25000 - 30000
4	پٹرول	45000
5	CNG	60000
6	بائیوگیس	35000 - 40000
7	ہائیڈروجن	150000

i) مویشیوں کے فضلے (گوبر) کو کس قسم کے ایندھن کے طور پر استعمال کریں تو بہتر ہوگا؟

ii) موٹر گاڑیوں میں CNG کا استعمال سب سے بہتر ہے کہنے کی وجوہات کیا ہیں؟

iii) مندرجہ بالا جدول کے مطابق آپ کس ایندھن کو سب سے اچھا کہیں گے؟

iv) ایک کلو اپلیوں کو جلانے پر کتنی حرارت پیدا ہوتی ہے؟

25. آپ کے دیہات/شہر میں پٹرولیم سے تیار ہونے والی اشیاء کے استعمال سے متعلق رپورٹ تیار کرنے کے لیے آپ کو کونسی معلومات حاصل کرنا ہوگا؟ کن لوگوں سے بات کرنا ہوگا؟ ان کو درج کرنے کے لیے ایک تفصیلاتی جدول تیار کیجیے۔

V. اشکال اتارنا، نمونوں کی تیاری کے ذریعہ اظہار کرنا 2 x5=10

26. فولادی سلاخ میں حرارت کے ایصال سے واقفیت ہونے کے لیے آپ نے جو تجربہ کیا ہے اس کی وضاحت کرنے والی شکل اتاریئے اور اس موقع پر آپ نے کون سی احتیاط برتی ہے لکھیے؟

27. خالی انجکشن کی بوتلوں کی مدد سے برقی خانہ کو تیار کرنے کے لیے کون سی اشیاء چاہیے اور ان کی ترتیب کو بتلانے والی شکل اتاریئے؟

www.apteachers.in

VI. توصیف/اقدار، حیاتی تنوع، روزمرہ زندگی میں استعمال 3X5=15

28. جانی کا ماننا ہے کہ آواز کا صحیح علم رکھنے والے افراد، دیگر افراد کو اپنے طرف متوجہ کرنے کے لیے دلچسپ گفتگو کر سکتے ہیں۔ اس کی آپ کس طرح تائید کریں گے لکھیے؟

29. احمد اپنے والد سے کہتا ہے کہ ابا جان ہمیں قریب کے کاموں کو انجام دینے کے لیے موٹر بائیک کے بجائے سیکل کا استعمال کرنا چاہیے۔اس سے ہم کافی سارا ایندھن بچا سکتے ہیں۔احمد کے بجائے اگر آپ ہوں تو کس قسم کی صلاح دیں گے؟

30. ایک جملہ میں جواب لکھیے۔

i) چاند کی حرکت کے مشاہدہ کے دوران آپ کیسا محسوس کرتے ہیں؟

ii) Recycling کرنے سے ہمیں کیا فائدہ ہوتا ہے؟

iii) عالمی حدت(Global Warming) کی کمی کے لیے آپ اپنی جانب سے کیا کوشش کریں گے؟

iv) آپ یہ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ ہماری روزمرہ زندگی میں انجام دیئے جانے والے ہر کام میں رگڑ کا اہم رول ہوتا ہے؟

v) ''پلاسٹک کے اندھا دھند استعمال سے حیاتی تنوع کو خطرح لاحق ہے'' اس موضوع پر ایک نعرہ لکھیے۔

www.apteachers.in

مجموعی جانچ -نمونہ پرچہ سوالات - 2

حیاتیات (Biology)

جماعت ہشتم (VIII)　　　　　　　　　　　　　　　　　وقت : ....

نام طالب علم :　　　　　　　　　سکشن...رول نمبر:..................

I	II	III	IV	V	VI	VII	نشانات	گریڈ

I. تصورات کا فہم

الف) حسب ذیل میں سے کسی دو سوالات کے تفصیلی جواب لکھیے۔ 2X10=20

1. دھان کی کاشت کے دوران کسان کون کون سے مراحل کے تحت کام کرتے ہیں وہ کن کن مراحل پر کیا کیا کرتے ہیں لکھیے؟

2. عام طور پر جانداروں میں تولید کا عمل مختلف قسموں سے ہوتا ہے وہ کون سے ہیں؟ زواجوں سے بے تعلق ہونے والی تولید کی مثالیں دیتے ہوئے وضاحت کیجیے؟

3. حیاتی تنوع سے کیا مراد ہے؟ اس کی اہمیت کو آپ کس طرح جانتے ہیں؟ حیاتی تنوع کے تحفظ کے لیے آپ کون کون سی تجاویز پیش کریں گے لکھیے؟

ب) حسب ذیل سوالات کے جواب لکھیے۔ 2x5=10

4. سوموکا کہنا ہے کہ بعض امراض کو پھیلنے سے روکا جا سکتا ہے یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے وضاحت کیجیے؟

5. آپ کے علاقے میں آلودگی کا شکار ہونے والے آبی ذرائع کون سے ہیں؟ وہ آلودہ کیوں ہو رہے ہیں لکھیے؟

ج) حسب ذیل سوالات کے ایک جملہ میں جواب لکھیے۔ 5x1=5

6. بیماریاں پھیلانے والے جراثیموں کو ایک جسم سے دوسرے جسم تک پہنچانے والے ذرائع کیا ہیں؟

7. بھوپال گیس سانحہ کیوں واقع ہوا؟

8. اپی کلچر کے مقصد میں سب سے اہم کیا ہے؟

9. ماحولی نظام میں تحلیل کنندگان کس طرح مفید ہیں؟

10. کنیر اسانی سنکچوری سے ہونے والے فائدے کیا ہیں؟

11. کنٹھ (Adam's Apple) انسانی جسم میں موجود نہ ہو تو کیا ہوگا؟

12. انسانی جسم میں دم کی مدد سے حرکت کرنے والے خلیہ (مادہ منویہ) کا فعل کیا ہے؟

13. پانی کو گرم کرنے کے بعد ٹھنڈا کر کے پینے کے لیے کیوں کہا جاتا ہے؟

www.apteachers.in

14. پلازمہ جھلی اور مرکزہ کے درمیان پائے جانے والے مایہ سے کیا فائدہ ہے؟

15. مثنوی طور پر انڈوں کو سینے کے لیے کس مشین کو استعمال کیا جاتا ہے؟

ھ) **حسب ذیل سوالات کے مناسب جواب کی نشاندہی کیجیے۔** $5 \times \frac{1}{2} = 2\frac{1}{2}$

16. ذیل میں رنگ قبول کرنے والا ( )

(i) کرسٹل وائلیٹ (ii) سافرینس (iii) میتھیلین بلو (iv) ٹٹراسائیکلین

17. سررونالڈروس نے کس بیماری کا مطالعہ کیا؟ ( )

(i) کالرا (ii) ملیریا (iii) ایڈس (iv) بخار

18. عنقریب معدوم ہونے والے جانوروں اور پودوں کی تفصیلات رکھنے والی کتاب کا نام ( )

(i) یکوبک (ii) انڈیمک بک (iii) رڈ ڈاٹا بک (iv) آرکلڈ بک

19. دھان کی فصل کو عالمی غذائی فصل کیوں کہا جاتا ہے؟ ( )

(i) ساری دنیا میں غذا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ (ii) ساری دنیا میں وسیع طور پر کاشت کی جاتی ہے۔

(iii) ساری دنیا میں سستی قیمتوں میں دستیاب ہے۔ (iv) درآمد اور برآمد کا زیادہ ہونا۔

20. تاریخی اہمیت کے حامل علاقوں میں نوڈرائیوزون (No Drive Zone) بنانے کی وجہ ( )

(i) ٹرافک کو کم کرنا (ii) ایندھن کی بچت کرنا (iii) آلودگی (iv) ندی کا کنارہ ہونے کی وجہ

21. شکر کو الکوہل میں تبدیل کرنے کے عمل کو.................... کہتے ہیں۔

22. دروں افزوں غدود سے افراز ہونے والے مادہ کو.................... کہتے ہیں۔

23. ڈائی تھین 45 کسان.................... پر قابو پانے کے لیے استعمال کرتا ہے۔

24. پاسچورین کی وجہ سے ہونے والا فائدہ.................... ہے۔

II. سوال کرنا - مفروضہ قائم کرنا 1X10 = 10

25. اگر آپ کو لاحق مرض کی تشخیص کے لیے خون کا معائنہ کروانے جانا ہو تو آپ بیماریوں اور جراثیم سے متعلق کون سے سوالات پوچھو گے لکھیے؟

26. ماحولیاتی نظام میں تحلیل کنندگان نہ ہو تو کیا ہوگا، غور کیجیے اور لکھیے؟

III. تجربات - حلقہ عمل کے مشاہدات

27. ماچس کی تیلی میں موجود خلیوں کا مشاہدہ کرنے کے لیے آپ نے جو طریقہ اپنایا ہے اس کی شکل کے ذریعہ وضاحت کیجیے؟

www.apteachers.in

(یا)

آپ کے اسکول کے احاطہ میں موجود حیاتی تنوع کا مشاہدہ کرنے کے لیے آپ نے جو طریقہ اپنایا ہے وہ کیا ہے اور اس کی شکل کی مدد سے وضاحت کیجیے۔

IV. معلومات اکٹھا کرنا - منصوبہ کام 1X10=10

28. رضیہ نے مینڈک (Tad pole) مشاہدہ کرنے کے بعد حسب ذیل طریقہ سے جدول تیار کی ہے اسکا مشاہدہ کر کے تجزیہ کیجیے۔

سلسلہ نمبر	مشاہدہ کا دن	مشاہدہ کیے گئے نکات
1	پہلا دن	انڈے گچھے کی شکل میں پائے گئے۔
2	ساتواں دن	غوکچہ کی نشاندہی کی ہوں۔
3	گیارھواں دن	غوکچہ کے پر نظر آئے۔
4	اکیسواں دن	مچھلی کی طرح تیر رہا تھا۔
5	بتیسواں دن	پچھلے جوارح نظر آئے۔
6	اڑتالیس واں دن	مینڈک کا بچہ پھدکتے نظر آیا۔

i) مینڈک کے انڈے میں کون سی تبدیلیاں آئیں؟

ii) مینڈک میں اس کی شکل اور جسامت میں تبدیلی آنے کی وجوہات کیا ہیں؟

iii) غوکچہ بعض موقعوں پر مچھلی کی طرح نظر آنے کی کیا وجوہات ہیں؟

iv) مینڈک کے دور حیات کو سمجھنے کے لیے مندرجہ بالا جدول میں کون کون سے نکات کو شامل کرنا چاہیے؟

29. مندرجہ ذیل تفصیلات پڑھ کر کیا کیا جائے لکھیے۔

رما اپنے گاؤں میں مویشی پالن، دودھ کی پیداوار اور فروخت سے متعلق معلومات حاصل کر کے ایک رپورٹ تیار کرنا چاہتی ہے، اس کے لیے اسے کیا کرنا چاہیے، بتلایئے؟

i) کون کونسی معلومات حاصل کرنا چاہیے؟

ii) کن کن سے ملاقات کی جائے؟

iii) تفصیلات کو پر کرنے والی جدول میں کون کون سے نکات شامل کرنا چاہیے؟

iv) جدول کے علاوہ تفصیلات کو دوسرے طریقے سے نمائش کرنا ہو تو کیا کرنا چاہیے؟

v) دودھ کی پیداوار کا اندراج کرنے کے لیے کس چیز کو کائی لینا چاہیے؟

www.apteachers.in

V. اشکال اتارنا،نمونوں کی تیاری کے ذریعہ اظہار کرنا 2 x5=10

30. انسانی نرزواجہ(مادہ منویہ) کی شکل اتار کراس کے حصوں کو نامزد کیجیے،اس کے درمیان ٹکڑی میں موجود مائیٹو کانڈریا کس لیے استعمال ہوتا ہے لکھیے؟

31. تالاب کے ماحولیاتی نظام میں غذائی جال کو ظاہر کرنے والے فلو چارٹ تیار کیجیے؟

VI. توصیف/اقدار،حیاتی تنوع،روزمرہ زندگی میں استعمال 3X5=15

32. آپ کے گاؤں/شہر میں متعدی بیماریوں کے پھیلاؤ کے تدارک کے لیے آپ گرام پنچایت/میونسپالٹی کو کیا تجاویز دیں گے لکھیے؟

33. نوین کا خیال ہے کہ زراعت اور مویشی پالن کے درمیان تعلق ہے ایسا وہ کیوں سمجھتا ہے؟لکھیے؟

34. ایک جملہ میں جواب لکھیے

i) فضائی آلودگی کی روک تھام کے لیے ایک نعرہ لکھیے؟

ii) شہد کی مکھیوں کے درمیان کام کی تقسیم کو آپ کس طرح سراہیں گے؟

iii) رنگیّا اپنے کھیت میں کثرت سے جراثیم کش ادویات کا استعمال کیا ہے اس کی جانب سے کاشت کی جانے والی فصلوں پر آپ کی رائے کیا ہے؟

iv) چھاچھ کے علاوہ کن اشیاء کو دودھ میں ملانے پر دہی میں تبدیل ہو جاتا ہے؟

v) مینڈکوں کی شکل میں تبدیلی سے متعلق کوئی عنوان لکھنا ہو تو اس میں کس نکتہ کو اہمیت دیں گے؟

☆☆☆

www.apteachers.in

مجموعی جانچ - نمونہ پرچہ سوالات

طبعیات وکیمیا (Physical Science)

جماعت نہم (IX) وقت : ....

نام طالب علم: جماعت: ....سکشن.................رول نمبر:........................

I	II	III	IV	V	VI	نشانات	گریڈ

I۔A۔کوئی دوسوالات کے جوابات تفصیلی طور پر لکھئے۔ $2\times10=20$

1۔ ایک کار خط مستقیم میں ہموار اسراع سے سفر کر رہی ہے۔حرکت کی مساوات کو اخذ کیجئے؟

2۔ ''جوہر کے تمام مثبت برقی بار مرکزے میں پائے جاتے ہیں'' اس بات کو ظاہر کرنے والے جوہری نمونے کے نقائص بیان کرو؟

3۔ مائعات میں گہرائیوں کی مختلف سطحوں میں فرق کو معلوم کرتے ہوئے مساوات اخذ کیجئے۔اور اسکے ذریعے قوت اُچھال کو بیان کیجئے؟

(B) درج ذیل کے جوابات لکھئے۔ $2\times5=10$

4۔ بازگشت اور گونج میں کیا فرق ہے؟ آڈیٹوریم کے بنانے میں کونسے اُصول اور کیا احتیاطی تدابیر اختیار کرنا چاہیئے؟

5۔ کیا ہمارے کھائے جانیوالے آئسکریم سالی انتشاری ذرات پر مشتمل ہوتا ہے وجوہات بتلائیے؟

C۔ ایک جملے میں جواب لکھئے۔ $5\times1=5$

6۔ ایجاز پذیری

7۔ کسری کشید

8۔ کثافت کی اکائیوں کا ضابطہ

9۔ جمود

10۔ آئسوٹوپ (ہمجا)

D۔ خالی جگہوں کو پُر کرو۔

11۔ خرخری (Hoarseness) آواز اور تیز آواز (Shrill) کے درمیان پائے جانیوالے فرق کی خصوصیت _____ ہوتی ہے۔

12۔ زمین کی سطح سے کچھ بلندی پر پائی جانیوالی شئے میں ________ ہوتی ہے۔

13۔ فی اکائی حجم میں پائی جانیوالی کمیت کو ________ کہتے ہیں۔

14۔ آزادانہ گرنے والے جسم کا اسراع کا انحصار _______ پر نہیں ہوتا۔

15۔ ________ کے جوہر میں صرف الکٹران اور پروٹان ہی ہوتا ہے۔

www.apteachers.in

16۔ سوڈیم کاربونیٹ میں سوڈیم کی گرفت ( )

a) 1 b) 2 c) 3 d) 4

17۔ حسب ذیل میں خالص شئے کسے کہا جاسکتا ہے ( )

a) ہوا b) سوڈا c) کشیدی پانی d) فولاد

18۔ بقائے معیار حرکت کے اصول کو وضاحت کرنے میں مدد دینے والا نکتہ ( )

a) نیوٹن کا پہلا کلیہ حرکت b) نیوٹن کے تیسرے کلیہ حرکت

c) نیوٹن کا پہلا اور تیسرا کلیہ حرکت d) نیوٹن کا پہلا' دوسرا اور تیسرا کلیہ

19۔ ایک شخص اپنے سر پر سوٹ کیس لینے سیڑھیاں چڑھ رہا ہے اس شخص کا سوٹ کیس پر کیا ہوا کام ( )

a) مثبت b) منفی c) صفر d) کہا نہیں جاسکتا

20۔ ٹیلی ویژن کے آواز میں اضافہ کرنے پر آواز کی کونسی خصوصیت میں تبدیلی واقع ہوتی ہے ( )

a) تعدد میں اضافہ b) تعدد c) طول موج d) رفتار

II۔ $2 \times 5 = 10$

21۔ خالی گلاس یا تھالی جیسی اشیاء پانی میں تیرتی ہیں اسکی وجوہات دریافت کرنے کے لیے آپ کونسے سوالات پوچھیں گے؟

22۔ اگر ہوا میں دباؤ ڈالنے کی قوت نہ ہوتو ہمارے روزمرہ زندگی میں انجام دینے والے مختلف کاموں پر کیا اثرات ہونگے سوچیئے اور لکھئے۔

III۔

23۔ مارکر پین انک آمیزہ یا مرکب ہے جاننے کے لیے آپ نے جو تجربہ انجام دیا ہے اس تجربے کے طریقے کی وضاحت کیجئے۔

یا

آواز ایک توانائی کی شکل ہے ثابت کرنے کے لیے آپ کو کون کونسے آلات چاہیئے انہیں کس طرح ترتیب دینا چاہیئے۔

IV۔

24۔(الف) درج ذیل جدول کو غور کرتے ہوئے سوالات کا تجزیہ کرتے ہوئے جوابات دیجئے۔

اصل برقی بار	منفی رواں	مثبت رواں
اکائی - I	ہائیڈرائیڈ	ہائیڈروجن
اکائی - I	کلورائیڈ	سوڈیم
اکائی - I	برومائیڈ	پوٹاشیم
اکائی - I	ایوڈائیڈ	سلور
اکائی - I	ہائیڈرائیڈ اکسائیڈ	کاپر
اکائی - I	نائٹرٹ	امونیم

1۔ پوٹاشیم کون کونسے مرکبات بناتا ہے؟

2۔ برومائیڈ کو منفی رواں کیوں کہا جاتا ہے؟

www.apteachers.in

3۔ سلور کلورائیڈ کون کونسے روانوں سے ملکر بنتا ہے؟

4۔ سوڈیم ایک جوہریت کا حامل ہوتا ہے اسکی گرفت کتنی ہے؟

5۔ مندرجہ بالا جدول کی مدد سے سوڈیم کلورائیڈ کے تیاری کے طریقے کے متعلق ایک مساوات لکھئے؟

(ب) موٹر گاڑیوں میں اگر Air Break کے کام کرنے کے طریقے سے متعلق معلومات حاصل کرنا ہو تو کن کن افراد سے ملاقات کرنا چاہیئے؟ کون کونسی معلوم حاصل کرنا چاہیئے؟ معلومات کو درج کرنے کے لیے ضروری جدول کا نمونہ تیار کیجئے؟

V۔

25۔ ''خرگوش اور کچھوے کی دوڑ'' کے مقابلے کی کہانی میں فاصلہ اور وقت کو گراف کی شکل میں ظاہر کیجئے؟

26۔ کلیہ بقاء مادہ کو ثابت کرنے کے لیے تجربے کے آلات کی ترتیب بتلانے والی شکل اُتار کر اصول لکھئے؟

VI۔

27۔ گیسوں کی نفوذ پزیری سے روزمرہ زندگی میں ہونے والے کیا فائدے ہیں لکھئے؟

28۔ قدرتی طور پر توانائی ایک شکل سے دوسری شکل میں تبدیل ہوتی رہتی ہے ایسا کیوں ہوتا ہوگا آپ بتایئے اس کے عمل کی وجہ سے فطرت میں توازن برقرار رکھنے میں بقائے توانائی کے اصول کی آپ کس طرح ستائش کریں گے؟

29۔ آپ نے آیوڈین کے کلیہ تجاذب کو دریافت کرنے میں جن طور طریقوں کو اپنایا ہے ان سے متعلق جو اہم نکات سے واقفیت حاصل کی ہے اسکو بنیاد بناتے ہوئے اپنے جن خیالات کی تصحیح کی ہے انہیں لکھئے؟

☆☆☆